03/05/2026

7.40 /PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔

خبروں کا بلیٹن لےکر میں **مسرت شاہ**

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائنز

*........ منشیات کے خلاف لڑائی میں سبھی کی شرکت پر لیفٹننٹ گورنر کا زور // سرینگر میں کی منشیات مخالف پد یاترا میں شرکت ۔

*........ نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت یوٹی بھرمیں سرگرمیاں جاری ۔

*........ ملک بھر میں NEET امتحان کا انعقاد // جموں کشمیر سے پچاس ہزار امیدوار وں کی شرکت ۔

اور

*........ صحافت کی آزادی کا عالمی دن آج ۔

پد یاترا

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے منشیات کے خلاف لڑائی میں نوجوانوں، سیول سو سائٹی اور مقامی رہنماؤں کی اجتماعی اور سرگرم شرکت پر زور دیا ہے۔

گراؤنڈسرینگر سے نشہ مکت جمونو کشمیر ابھیان کے تحت ایک پد یاترا کی قیادت کر TRC آج تے ہوئے منوج سنہا نے جمونو کشمیر سے اس بدعت کا خاتمہ کرنے کےلئے انتظامیہ کے عزم کا اعادہ کیا۔

انہوننے کہا کہ منشیات کا کاروبار کرنے والوں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی گئی ہے تاہم اس وباءکا شکار ہوئے افراد کی باز آباد کاری کے لئے ٹھوس اقدامات کئے جا رہے ہیں۔

-----LG-----

جموں وکشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے بھی اس پد یاترا میں شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ جموں کشمیر کو نشہ مکت بنانے کے لئے سماج کے ہر طبقے کو اپنا رول ادا کرنا ہو گا ۔

------Darakhshan------

صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے پد یاترا میں اپنی سرگرم شرکت دکھانے پر تمام لوگوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اس مہم کو کامیاب بنانے کےلئے عام لوگوں سے لے کر سلامتی ایجنسیوں تک سب کا رول اپنی اپنی جگہ پر اہم ہیں۔

----Anshul Garg-----

نے کہا کہ GV Sundeep Chakravarthy پد یاترا میں شرکت کے دوران ایس ایس پی سرینگر پولیس نے منشیات کا کاروبار کرنے والوں کے خلاف اپنی سرگرمیوں میں تیزی لائی ہے ۔

-----Sundeep-----

پد یاترا میں شرکت کرنے والے نوجوانوں نے بھی منشیات کے خلاف اپنا کر دار ادا کرنے کا عہد کرتے ہوئے اپنے تاثرات کا اظہار کچھ اس طرح سے کیا۔

-----Locals-----

اس پد یاترا میں طالب علموں سے لے کر سرکاری ملازمین اور عام لوگونکی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔

سکمز

شیر کشمیر انسٹیچوٹ آف میڈیکل سائنسز صورہ کے ڈائریکٹر پروفیسر محمد اشرف گنائی کی قیادت میں ادارے کے فیکلٹی ممبران اور دیگر عملے نے بھی اس پد یاترا میں شرکت کی ۔

مصوری پروگرام

پد یاترا کے ایک حصے کے طور جموں کشمیر اکیڈمی آف آرٹ کلچر اینڈ لینگویجز کی جانب سے پرتاپ پارک سرینگر میں مصوری کا ایک پروگرام منعقد ہوا جس میں کشمیر یونیورسٹی میں کے طالب علموں نے فنِ مصوری کا مظاہرہ کیا - Music and Fine Art انسٹیچوٹ آف

کشمیر پولیس

نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت پولیس کی کاروائیاں بھی جاری ہیں ۔ لارنو اننت ناگ میں پولیس نے چار کنال اراضی پر پھیلی بھنگ کی کاشت کو تباہ کر دیا ۔

شوپیان میں غلام حیدر خان جبکہ بڈگام فیروز احمد شیخ نامی ڈرگ سمگلروں کی گرفتاری عمل میں لائی گئی ۔

اس دوران پولیس نے بڈگام ضلعے کے وارگام بیروہ میں شبیر احمد میر نامی ڈرگ سمگلر کا ایک منزلہ مکان اٹیچ کیا ہے ۔

تقریب

فاونڈیشن اور مول موج فاونڈیشن کے اہتمام سے آج آکاشوانی Shehlatسرکار سے تسلیم شدہ سرینگر کے آڈیٹوریم میں ایک تقریب منعقدہوئی جس دوران ان تنظیموں نے مشترکہ طور منشیات مخالف ، بزرگوں اور خواتین کے حقوق اور ماحولیات کو آلود گی سے بچانے سے متعلق مہمات کا آغاز کیا ۔ تقریب کی صدارت سابق گورنر کے مشیر خورشید احمد گنائی نے کی جبکہ ایوانِ صدارت میں اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی اونتی پورہ کے سابق وائس چانسلر فاونڈیشن Shehlatپروفیسر مشتاق احمد صدیقی ، نامور فنکار اور کلچرل رضاکار وحید جیلانی ، کے چیر مین رفیق احمد لون ، وائس چیر مین غلام عباس اور بزرگوں کے طبی مسائل کے ماہر اور مول موج فاونڈیشن کے بانی چیر مین ڈاکٹر زبیر سلیم بھی موجود تھے ۔ مقررین نے جموں کشمیر کو منشیات کی لعنت سے پاک بنانے کے لئے اجتماعی کوششوں کی ضرورت پر زور دیا ۔

پروگرام کے دوران رفیق طاہر کاوچکی کی اردو اور کشمیری میں لکھی ، شہلت فاونڈیشن کی جانب سے جاری کی گئی منشیات مخالف نظمیں پیش کی گئیں۔

-----Songs-----

کلب کے فنکاروں نے منشیات کے مضر اثرات کے موضوع پر ایک مختصر Dramatic فردوس ڈرامہ پیش کیا ۔

آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے خورشید احمد گنائی نے کہا ۔

------Khursheed-----

پروگرام سے متعلق یہ ہے پروفیسر مشتاق احمد صدیقی کے تاثرات ۔

------PROF. MUSHTAQ------

اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے وحید جیلانی نے کہا ۔

------Waheed------

اس بارے میں مول موج فاونڈیشن کے چیر مین ڈاکٹر زبیر سلیم نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا ۔

-----DR. ZUBAIR-----

پروگرام میں معروف قلمکار ظریف احمد ظریف ، جے اینڈ کے یتیم فاونڈیشن کے چیر مین محمد اقبال بیگ اور سٹیٹ ایوارڈ یافتہ ماہر تعلیم جاوید جواد کے علاوہ دیگر کئی شخصیات نے شرکت

کی ۔ پروگرام کے آخر میں کئی مقتدر شخصیات کی عزت افزائی کی گئی ۔ پروگرام کی نظامت معروف براڈ کاسٹر سید مبشر رفاعی نے انجام دی ۔

NEET

منعقد کیا گیا۔ NEET کی طرف سے آج سال 2026 کا (NTA) امتحانات سے متعلق قومی ایجنسی اس امتحان میں ملکی سطح پر22لاکھ سے زیادہ طا لب علموں نے شرکت کی ۔

جمونو کشمیر سے بھی 1 ہزار 676 سیٹوں کےلئے قریب 50 ہزار اُمید وار اس امتحان میں شریک ہوئے۔

متحدہ عرب امارات کے دبئی اور شارجہ میں قائم کئے گئے امتحانی مراکز پر بھی بھارتی طالب میں شرکت کی ۔ NEET علموں نے

واضح رہے کہ یہ امتحان طبی تعلیم میں انڈر گریجویٹ کورس میں داخلہ لینے کےلئے2019سے ہر سال منعقد کیا جاتا ہے۔

ڈاکٹر شیخ اعجاز بشیر

محکمہ ہائر ایجوکیشن نے جموں کشمیر کے تمام کالجوں میں تعلیمی سال 2026-27 کے لئے چار پروگراموں کے داخلے کا اعلان کیا ہے ۔ PG سالہ انڈر گریجویٹ پروگرام اور پانچ سالہ انٹگریٹڈ اس سلسلے میں ڈائریکٹر کالجز جموں کشمیر ڈاکٹر شیخ اعجاز بشیر نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

------Dr. Aijaz------

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبر ینآپ آکاشو انی کے موبا ئیل ا پلیکشن نیوز آن

صحافت دن

آج صحافت کی آزادی کا عالمی دن ہے ۔ آج کے دن دنیا بھر میں آزاد صحافت کو یقینی بنانے کے لئے کئے جا رہے اقدامات کو اجا گر کیا جاتا ہے ۔

ساتھ ہی میڈیا کے ان افراد کو بھی یاد کیا جاتا ہے، جنہوں نے پوری دنیا میں اپنے پیشہ ورانہ فرائض کی انجام دہی کے دوران اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا ہے ۔

ورلڈ پریس ڈے کے سلسلے میں آج جمونو کشمیر میں بھی مختلف صحافتی انجمنوں کی طرف سے کئی پروگراموں کا اہتمام ہے۔

مبارک باد

متعدد سماجی اور سیاسی شخصیات نیز انتظامیہ کے اعلیٰ عہدیداروں نے پریس ڈے کے موقعے پر سماج کی بہتری کےلئے کام کرنے والے صحافیوں کو مبارکباد پیش کی ہے۔

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے اس دن کے موقعے پر ایک پیغام میں کہا ہے کہ صحافی برادری، پچھڑے طبقوں کی آواز بن کر ان کے معیار حیات میں بہتری لانے میں اہم رول ادا کر تی ہے۔

نیشنل کانفرنس کے ترجمانِ اعلیٰ تنویر صادق نے کہا ہے کہ صحافت جمہوریت کا چوتھا ستون ہے اور صحافت کی آزادی ملک کے آئین کا روح ہے۔

جمعیت ہمدانیہ کے سربراہ میر واعظ مولوی ریاض احمد ہمدانی نے بھی آج کے دن پر صحافتی برادری کو مبارک باد دی ہے ۔

ستیش شرما

ٹرانسپورٹ کے وزیر ستیش شرما نے بہتر سماج کی تشکیل میں بے لوث خدمت کو اہم قرار دیتے ہوئے یہ کام انجام دینے والے افراد کی سراہنا کی ہے ۔ وہ آج جموں میں آرٹ آف Living نامی تنظیم کے اہتمام سے منعقدہ Unsung Everyday Heroes Awards کی تقریب سے خطاب کر رہے تھے ۔ اس موقعہ پر ممبر اسمبلی چنینی بلونت سنگھ منکوٹیہ اور سٹیٹ الیکشن کمشنر شانت منو کے علاوہ دیگر کئی شخصیات موجود تھیں ۔

MEHBOOBA

گاندربل میں آج پی ڈی پی کی طرف سے ایک عوامی جلسے کا انعقاد کیا گیا ۔ اس موقعہ پر پارٹی صدر محبوبہ مفتی نے نوجوانوں کو جموں کشمیر کی سیاست میں بھر پور حصہ لینے کی تاکید کی ۔

-------MEHBOOBA------

شمولیت

دریں اثناءسرینگر میں آج سماجی کارکن اور نامور کارخانہ دار فاطمہ نور خانیاری نے پارٹی کی PDP خواتین وِنگ کی صدر انجم فاضلی کی موجودگی میں میں شمولیت اختیار کی۔

وحید الرحمان پرہ س

سر ینگر میں آج کشمیری لنگویج یونین اورساگر کلچرل فورم ژکر پٹن کے ایک مشتر کہ وفد نے وحید الرحمان پرہ سے ملاقات کی۔ جس دوران کشمیری زبان کو درپیش مختلف چیلنجز اور MLA موصوف نے وفد کو یقین دلایا کہ کشمیری زبان سے متعلق MLA مسائل پر تبادلہ خیال ہوا ۔ ا

---

ن کے خدشات کو سرکار کی نوٹس میں لایا جائے گا۔±

رویندر رینہ

کے سینئر لیڈر رویندر رینہ نے آج پلوامہ کے دورے کے دوران حنزلہ نامی معصوم بچے BJP کے لواحقین سے تعزیت کا اظہار کیا جو حال ہی میں دبجن شوپیان میں غرق آب ہوا تھا ۔

jdu

جنتا دل یونائٹڈ جموں کشمیر کے کارکنوں کا ایک اجلاس آج بڈگام ضلعے کے کرالہ واری چاڈورہ میں منعقد ہوا جس دوران پارٹی کی سرگرمیوں اور اس کو مزید مضبوط بنانے کے مختلف پہلوو

---

ں پر غور و خوض کیا گیا ۔ۓ

اجلاس میں پارٹی کے سٹیٹ جنرل سیکریٹری ابرار احمد بٹ کے علاوہ دیگر کئی لیڈروں نے شرکت کی ۔

جی ایم شاہین

اس دوران پارٹی کے پردیش صدر جی ایم شاہین نے سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے مرکزی وزیر نتن گڈکری سے اپیل کی ہے کہ بارہمولہ ضلعے میں تاپر بابا ریشی سڑک پروجیکٹ کی تعمیر کا کام بحال کیا جانا چاہئے ۔

ریل

اب ریل سروس سے متعلق یہ خبر

سرینگر اور جموں کے درمیان وندے بھارت ایکسپریس ریل سروس کامیابی کے ساتھ جاری ہے۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ اس سروس کے ذریعے سرینگر اور جموں کے درمیان سفر محض چار

گھنٹے 45 منٹ میں بغیر طعام730 روپے کے یکطرفہ کرایے پر طے ہو تا ہے ۔ عام لوگ اس سروس پر اطمینان کا اظہار کر رہے ہیں ۔

رسمِ رونمائی

سرینگر میں آج ایثار ویلفئیر ٹرسٹ کے اہتمام سے ایک تقریب منعقد ہوئی ۔ تقریب کے دوران معروف ماہرِ ریاضیات اور قلمکار شاہباز ہاکباری کی کتاب " قرآن شریف میں موجود ریاضیاتی حقائق " کی رسمِ رونمائی انجام دی گئی ۔ یہ کتاب انگریزی سے ترجمہ کی گئی ہے ۔

اسمبلی
چناو

---

ۓ

مغربی بنگال، کیرالم، تمل ناڈو، آسام اور مرکز کے زیر انتظام علاقے پڈو چیری میں ہوئے اسمبلی
چناو

---

کیلئے ووٹوں کی گنتی کل ہوگی۔ ان خطوں میں اسمبلی ۓ
چناو

---

کیلئے ووٹوں کی گنتی کے سلسلے میں سبھی انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں۔ ۓ

OPEC-Plus

ممالک، جون میں تیل کی پیداوار سے OPEC-Plus مغربی ایشیا میں جاری کشیدگی کے دوران متعلق اپنے نشانوں میں اضافہ کرنے پر اصولی طور پر رضامند ہو گئے ہیں۔متحدہ عرب امارات سے علیحدہ ہونے اور مغربی ایشیا میں جاری بحران کے دوران یہ مسلسل تیسرا OPEC کےUAE میں ایران سمیت کل OPEC-Plus ماہانہ اضافہ کیا گیا ہے۔ گروپ سے الگ ہونے کے بعد، اب 21رکن ممالک ہیں۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیرمیں اگلے 24گھنٹوں کے دوران دور دور تک ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش یا گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 23 اعشاریہ2ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت11 اعشاریہ6ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 34اعشاریہ5ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 20اعشاریہ8 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 39منٹ اور غروب آفتاب شام7 بجکر17منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ